اور اپ اس گارڈ کی باتیں نہ سنا کریں خود تو

سارا دن فون پر لڑکیوں سے گپے مارتا رہتا

ہے اسے کیا پتہ کون کب آرہا ہے کب جارہا

ہے میں تو گھر پر ہی تھی نا جب اپ کو فون کیا

تھا اس نے بڑی روانی میں جھوٹ بولا تھا

www.urdunovelscollection.com

اسے جھوٹ بولتے ہوئے بالکل اچھا نہیں

لگ رہا تھا لیکن وہ اتنی بڑی بات اپنی بہن کو یہ

بتا کہ نہیں کہہ سکتی تھی کہ وہ 15 لاکھ کا

نقصان کر چکی ہے اس کی بہن یہ 15 لاکھ

لٹانے میں تقریباً دو ڈھائی مہینے لگادے گی

www.urdunovelscollection.com

اور نہ جانے اس نے کتنی محنت کرنی تھی

۔اس چیز کے لیے وہ دن رات ایک کرتی

تھی اس کے لیے وہ ہر گز اس پر کوئی اور

۔مصیبت نہیں ڈال سکتی تھی

www.urdunovelscollection.com

اچھا میں نے تو گارڈ کو کہا تھا کہ ہمارے گھر کا

خاص خیال رکھا کرے آج کل کا ماحول

ٹھیک نہیں ہے خیر میں نے ایک ملازمہ کا

انتظام کروا دیا ہے کل سے آ کر وہ کھانا بنا دیا

www.urdunovelscollection.com

کرے گی اگلے مہینے میرے پاس بالکل ٹائم

۔ نہیں ہو گا دو نئے کانٹریکٹ ملے ہیں

اسی لیے وہ تقریبا 11 بجے ایا کریں گی اور

جب تم آجایا کرو گی کالج سے وہ چلی جایا

کرے گی۔ فلحال بتاؤ تمہارے لیے کیا بناؤں

www.urdunovelscollection.com

وہ کچن کی طرف اتے مصروف انداز میں بولی

تھی۔ جبکہ وہ خود بھی کچن کی طرف ہی آ گئی

تھی۔ اسے کھانا بنانا نہیں اتا تھا لیکن وہ

تھوڑی بہت مدد تو کر سکتی تھی اپنی بہن کی

www.urdunovelscollection.com

۔اخر وہ تھک ہار کر اپنے گھر واپس اس کے

۔ لیے کھانا بنانے میں مصروف ہو گئی تھی

ویسے آپ بھی میں کبھی کبھی سوچتی ہوں

کاش ہمارا کوئی بھائی ہوتا جو ہمارے سر پر ہاتھ

www.urdunovelscollection.com

رکھتا آپ کو نہ جاب کرنی پڑتی اور نہ ہی اتنا

سب کچھ سہنا پڑتا ۔

بابا کی وفات کے بعد مجھے تو لگا تھا کہ یہ مکان

بھی ہم سے چھن جائے گا لیکن اپ کی ہمت

کو ماننا پڑے گا اپ جس طرح سب سے لڑی

www.urdunovelscollection.com

ہو اپنے گھر کے لیے ایک چھت کے لیے

اپ نے سچ میں ثابت کر دیا کہ آپ کسی سے

کم نہیں۔آپ اتنی بہادر کیسے ہیں آپی میں

بھی آپ کی طرح بہادر بننا چاہتی ہوں وہ

www.urdunovelscollection.com

اسے دیکھتے ہوئے بولی تو عالیانہ مسکرائی تھی

۔

ان شاءاللہ تم مجھ سے بھی زیادہ بہادر بنو گی

اور میں نے کبھی نہیں سوچا کہ کاش میرا بھی

کوئی بھائی ہوتا کیوں کہ بھائی کیسے ہوتے ہیں

www.urdunovelscollection.com

یہ تو ہمیں پتہ چل ہی گیا نا بابا کے بھائیوں کو

دیکھ کر۔۔۔"میرا رشتوں پر سے اعتبار چار

سال پہلے ہی اٹھ گیا تھا جب میرے بابا کے

جنازے پر میرے بابا کے بھائی گھر میں اپنا

حصہ مانگنے کھڑے ہو گئے تھے کہ میرے

www.urdunovelscollection.com

بابا کی تو صرف بیٹیاں ہیں۔اور جائیداد میں

بیٹیوں کا کوئی حصہ نہیں ہوتا۔میں اس وقت

بہت لڑی تھی ارزا کیونکہ میں اکیلی نہیں تھی

میرے پاس ایک ذمہ داری تھی مجھے اپنی

بہن کو سنبھالنا تھا وہ وقت میرے لیے مشکل

www.urdunovelscollection.com

تھا لیکن میں نے ہمت نہیں ہاری اور میں

آگے بھی ہمت نہیں ہاروں گی کیونکہ اب

بھی میں نے بہت کچھ کرنا ہے میں نے اپنی

بہن کو ایک قابل انسان بنانا اسے پڑھنا لکھانا

ہے۔اسے ایک کامیاب انسان بنانا ہے۔وہ

www.urdunovelscollection.com

مسکرا کے اس کے گال کھینچتے ہوئے بولی جب

کہ وہ اپنی بہن کی شخصیت سے بہت زیادہ

امپریس تھی ۔

www.urdunovelscollection.com

وہ اکیلی لڑکی اتنا کچھ کیسے ہینڈل کر سکتی تھی

ایک اکیلی جان کیسے ہر چیز پر فیکٹ کر لیتی

تھی ۔

وہ اپنی بہن جیسی نہیں تھی وہ بہت کمزور تھی

بہت چھوٹے دل کی مالک تھی بات بات پر

www.urdunovelscollection.com

روتے والے جبکہ اس کی بہن اس سے بالکل

برعکس تھی اسے آسانی سے کسی بات پر رونا

نہیں آتا تھا وہ اموشنل نہیں تھی

بڑے سے بڑے تیس مار خان کو چند جملوں

میں زیر کر دیتی تھی۔اسے آسانی سے رونا

www.urdunovelscollection.com

نہیں آتا تھا کچھ چڑیا سے دل والی نہ تھی۔

لیکن اس کا یہ مطلب نہیں تھا کہ وہ پرفیکٹ

تھی اس سے بھی زندگی میں غلطی ہوئی تھی

جس کو سوچتے ہوئے وہ اکثر پچھتاتی تھی

۔ لیکن اسے اپنی غلطیوں پر پردہ ڈال کر رکھنا

www.urdunovelscollection.com

آتا تھا وہ اپنے غرور کو جھکنے نہیں دیتی تھی

۔اور یہی چیز اسے دوسروں سے الگ بناتی

تھی وہ بہت الگ تھی اس کے لیے اس کا

سب کچھ اس کی چھوٹی بہن تھی جس سے وہ

۔بے تحاشہ محبت کرتی تھی

www.urdunovelscollection.com

OOOOOOOO

یہ کیا ڈارلنگ۔۔۔؟ تم ابھی پڑھ رہی ہو

سارا دن کیا کرتی رہی ہو تم وہ اسے کتابیں

کھول کر بیٹھے دیکھ کر بولی تھی۔اس کا ارادہ

www.urdunovelscollection.com

اس کے ساتھ فلم دیکھنے کا تھا لیکن وہ تو پڑھائی

میں مصروف تھی۔

ہاں وہ آپی آج سر نے اسائنمنٹ دے دی

جس کی وجہ سے ابھی میرا کام ختم نہیں ہوا۔

بس تھوڑی دیر میں ختم ہو جائے گا۔ آپ

www.urdunovelscollection.com

آج مجھے چکن نگٹس بنانا سکھاؤ گی۔ وہ اسے

۔ دیکھتے ہوئے بولی تھی

آج تمہیں کیا ہو گیا ہے تمہیں کب سے

کوکنگ کرنے کا اتنا شوق ہو گیا دن میں تم

www.urdunovelscollection.com

سینڈوچ بنانا سیکھنا چاہ رہی تھی اب تمہیں

۔ چکن نگٹس بنانے سیکھنے ہیں

تمہارا کھانے کا دل کر رہا ہے میں تمہارے

لیے بنا لاتی ہوں سکھانے کی کیا ضرورت

ہے۔ میں ہوں نا ابھی تم اپنی پڑھائی مکمل

www.urdunovelscollection.com

کرو ہم ڈنر میں چکن نگٹس کھائیں گے۔وہ

پیار سے اسے دیکھتے ہوئے بولی تھی جب کہ

ارزا سمجھ نہیں پارہی تھی۔کہ وہ اس سے

کیسے کہے کہ اس نے بنانا سیکھنا ہے وہ بھی اس

امیر زادے کے لیے جس نے اسے اچھا خاصا

www.urdunovelscollection.com

پھنسا دیا ہے اف 29 دن کیسے گزریں گے

۔وہ پریشان سی سوچنے لگی تھی پھر خیال آیا

کہ اگر اس نے چکن نگٹس اچھے نہیں بنائے

تو اسے ایک نہیں بلکہ دو مہینے تک اس کے

ساتھ کام کرنا پڑے گا۔ نہیں نہیں اسے

www.urdunovelscollection.com

بنانے سیکھنے تھے ورنہ وہ بہت برے طریقے

سے پھنس جائے گی ۔

نہیں آپی آپ مجھے بنانا سکھائیں مجھے نہیں پتہ

مجھے بنانا آنا چاہیے مجھے کچھ بھی بنانا نہیں آتا وہ

زبردستی اس کے ساتھ کچن میں آگئی تھی

www.urdunovelscollection.com

جب کہ وہ کندھے اچکا کر اس کو نگٹس بنانے

کا طریقہ بتانے لگی جب کہ وہ اس سے کوئی

۔ اور بات بھی کرنا چاہتی تھی

مجھے تمہیں بہت ضروری بات بتانی ہے، اس

نے اسے دیکھتے ہوئے کہا جب کہ ارزا کا

www.urdunovelscollection.com

دھیان نگٹس کی طرف تھا وہ پوری لگن سے

سیکھ رہی تھی اسے لگا کہ فی الحال سہی وقت

نہیں ہے اور نہ ہی ارزا کا دھیان اس کی باتوں

پر تھا اس لیے فی الحال اس نے اس بات کو خود

تک ہی محدود کر لیا۔ لیکن زیادہ دیر تک

www.urdunovelscollection.com

نہیں اسے یہ بات ضرور کرنی تھی۔آخر وہ

اپنی بہن کے بہتر مستقبل کے لیے ہی تو اپنی

۔زندگی کا اتنا بڑا فیصلہ کر رہی تھی

○○○○○○○

www.urdunovelscollection.com

یہ ارزن کہاں ہے؟ میں نے پرسوں سے

اسے نہیں دیکھا کہاں ہوتا ہے آپ کا بیٹا آج

کل بینکس سے کوئی رقم بھی نہیں نکلوائی اس

نے ذریاب سے کہہ کر۔ میں نے کہا تھا اگر

ضروریات کے لیے پیسے چاہیے تو وہ ذریاب

www.urdunovelscollection.com

سے ضرورت کی حد تک لے سکتا ہے وہ ڈنر

کر رہے تھے جب انہوں نے پاس بیٹھی

مریم بیگم سے پوچھا ۔

وہ ناراض ہے آپ سے مسعود صاحب گھر

چھوڑ کر چلا گیا ہے میرے خیال میں اپنے

www.urdunovelscollection.com

فارم ہاؤس میں رہ رہا ہے۔ مریم بیگم نے

انہیں دیکھتے ہوئے کہا تھا جبکہ پیسوں والی

۔ بات کو انہوں نے چھپا لیا تھا

www.urdunovelscollection.com

کیا اتنا زیادہ ناراض ہو گیا ہے مجھ

سے۔۔۔؟ وہ مسکراتے ہوئے بولے تھے

۔

جی بالکل بہت زیادہ خفا ہو گیا ہے اس دفعہ

آپ نے بھی تو حد کی ہے نہ ایک معمولی سی

www.urdunovelscollection.com

گاڑی کی وجہ سے آپ نے اس سے اس کا

بینک بیلنس ہی چھین لیا۔اس کے سارے

اکاؤنٹس فریز کروادیے کیا وہ گاڑی اتنی مہنگی

تھی کہ آپ اس گاڑی کی رقم مانگ رہے ہیں

www.urdunovelscollection.com

اس سے مریم بیگم نے حیرت سے پوچھا تھا وہ

۔ تو کبھی ایسے نہیں تھے

ارے نہیں مریم بیگم دراصل وہ گاڑی، یا

اس گاڑی کی قیمت میرے لیے کوئی اہمیت

نہیں رکھتی لیکن میں نے اندازہ لگایا ہے کہ

www.urdunovelscollection.com

ارزن کو پیسے کی قدر نہیں ہے وہ بس پیسے لٹانا

جانتا ہے اسے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ یہ پیسہ

کس طرح سے کمایا جاتا ہے۔میں اس کو کتنے

ٹائم سے کہہ رہا ہوں کہ افس جوائن کرے

۔ لیکن وہ بالکل دلچسپی ہی نہیں دکھا رہا

www.urdunovelscollection.com

میں چاہتا ہوں کہ وہ اپنے بھائی کے ساتھ مل

کر اپنی ذمہ داریوں کو سمجھے لیکن ہر چیز میں

اس کی غیر دلچسپی نے مجھے ایسا کرنے پر مجبور

کیا ۔

www.urdunovelscollection.com

وہ میرا لاڈلا بیٹا ہے میں ہرگز اسے کسی امتحان

میں نہیں ڈالنا چاہتا لیکن جس انداز میں وہ

لاپرواہی دکھا رہا ہے اس طرح سے تو وہ کبھی

انٹرسٹ ہی نہیں دکھائے گا بزنس میں اسی

لیے میں نے اس سے یہ کہا کہ جب تک وہ

www.urdunovelscollection.com

17 کروڑ کا فائدہ ہماری کمپنی کو نہیں

کروائے گا تب تک میں اس کے اکاؤنٹس

۔ انفریز نہیں کروں گا

بیگم میں بوڑھا ہو رہا ہوں میری عمر ہو رہی

ہے میں نہیں چاہتا کہ میں اپنے دونوں بیٹوں

www.urdunovelscollection.com

میں کوئی فرق کروں اسی لیے میں نے اپنے

چھوٹے لاڈلے بیٹے کو ایک چھوٹے سے

امتحان میں ڈالا ہے ۔

میں بس یہ چاہتا ہوں کہ وہ اپنی ذمہ داری کو

سمجھے اور مجھے یقین ہے کہ تم میری اس چیز کو

www.urdunovelscollection.com

سمجھنے کی کوشش کرو گی اور اپنے بیٹے کی

لاپرواہی میں اس کا ساتھ نہیں دو گی۔ آج

تمہارے اکاؤنٹ سے تقریبا 30 لاکھ کی رقم

کسی انون اکاؤنٹ میں ٹرانسفر ہوئی ہے۔ میں

جانتا ہوں وہ رقم کہاں ٹرانسفر ہوئی ہے میں

www.urdunovelscollection.com

تم سے کوئی حساب نہیں مانگ رہا ہاں لیکن تم

سے یہ ضرور کہوں گا کہ اپنے بیٹے کی بہتری

کے بارے میں سوچو اس کے کل کے بارے

میں سوچو، اس کے سامنے اس کا پورا فیوچر

ہے اور جس انداز میں وہ ہر چیز کو ہینڈل کر رہا

www.urdunovelscollection.com

ہے نہ اپنے حصے کی جائیداد کو میرے بعد وہ

۔ دو سال تک نہیں چلا پائے گا

کیونکہ وہ صرف پیسہ اڑانا سیکھ رہا ہے پیسہ بنانا

نہیں اپنے بہتر مستقبل کے لیے اسے پیسہ

بنانا سیکھنا ہوگا ورنہ اس کا مستقبل صرف

www.urdunovelscollection.com

مستقبل ہو گا بہتر مستقبل نہیں ان کے الفاظ

مریم بیگم کو بہت کچھ سمجھا گئے تھے۔اور

انہوں نے فیصلہ کر لیا تھا کہ اب وہ اپنے بیٹے

۔کا ساتھ نہیں دیں گیں

OOOOOOOO

www.urdunovelscollection.com

اس نے دروازہ کھٹکھٹایا ہی تھا کہ اگلے ہی لمحے

دروازہ کھل گیا اسے حیرت ہوئی تھی کل تو

اس نے آدھا گھنٹہ دروازہ بجانے پر دروازہ

اوپن کیا تھا لیکن آج دروازہ ایک چھوٹی سی

دستک پر ہی کھل گیا تھا ۔

www.urdunovelscollection.com

جیسے وہ اسی کے انتظار میں بیٹھا ہوا ہوا اس نے

اندر آتے ہوئے اسے ہیلو بولا تھا جب کہ اس

کے ہیلو کو بڑی خوبصورتی سے مسکرا کر قبول

کیا گیا تھا جب کہ وہ اس کے پیچھے پیچھے اندر

داخل ہوئی تو کل کی طرح آج بھی اس نے

www.urdunovelscollection.com

دروازہ بند کر دیا تھا لیکن آج اس نے زیادہ

ری ایکٹ نہیں کیا تھا کیوں کہ وہ اس پر تھوڑا

سا اعتبار کر چکی تھی ۔

ارے یہ کیا گھر تو سارا صاف ہے میں کیا

صاف کروں گی وہ اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے

www.urdunovelscollection.com

لگی تھی ملازمہ صبح اس کے اٹھنے سے پہلے ہی

۔ آکر سارا گھر شیشے کی طرح چمکا گئی تھی

گھر صاف ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ تم

کوئی کام نہیں کرو گی۔ تم اپنا کام ضرور کرو

گی۔ یہ گھر پہلے سے صاف ہے تو تم اسے مزید

www.urdunovelscollection.com

صاف کرو گی اور میرے لیے کھانا بھی بناؤ

گی۔یاد ہے نا کل میں نے تمہیں کیا کہا تھا آج

میں چکن نگٹس کھاؤں گا وہ اسے دیکھتے

ہوئے بولا تو اس نے مسکرا کر ہاں میں سر ہلایا

تھا۔

www.urdunovelscollection.com

جی سر میں ابھی آپ کے لیے چکن نگٹس بنا

دیتی ہوں یہ تو میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے

ابھی تیار ہو جائیں گے آپ بیٹھیں میں بنا کر

لاتی ہوں۔وہ مسکراتے ہوئے بولی جبکہ اس

کی مسکراہٹ ارزن کو کافی نقلی لگی تھی کل

www.urdunovelscollection.com

اس نے سیدھا سادہ سا سینڈوچ نہیں بنایا گیا

تھا اور آج وہ چکن نگٹس بنانے کے لیے اتنی

کانفیڈنٹ تھی ۔

www.urdunovelscollection.com

یاد ہے نا اگر چھوٹی سی بھی غلطی ہوئی تو

تمہاری یہ سزا ایک مہینے سے دو مہینے پر

۔ کنورٹ ہو جائے گی اس نے اسے ڈرایا تھا

جی سر لیکن مجھے نہیں لگتا کہ ایسا ہو گا کیونکہ

میں بہت اچھے چکن نگٹس بنانے والی ہوں

www.urdunovelscollection.com

آپ بیٹھ کر انتظار کریں میں بس آپ کو ابھی

لا کر دیتی ہوں ۔

وہ وائٹ کلر کی یونی فارم میں بالکل کوئی

چھوٹی سی بچی لگ رہی تھی ہائی پونی ٹیل اس

پہ بہت زیادہ سوٹ کرتی تھی اور جس انداز

www.urdunovelscollection.com

میں اس کے فرنچ کٹ اس کے ماتھے پر

بکھری ہوئی تھی وہ اسے اور بھی زیادہ دلکش

بناتی تھی اس کی لک بالکل کسی معصوم سی

گڑیا کی طرح تھی۔وہ جتنی حسین تھی اور

اتنی ہی خود سے لاپرواہ اس نے کبھی ایسی

www.urdunovelscollection.com

لاپرواہ خوبصورتی نہیں دیکھی تھی اسے سمجھ

نہیں آیا تھا ۔

کہ وہ اس کی کس چیز پر فدا ہوا تھا اس کی میٹھی

سی آواز پر اس کے گال کے حسین چھوٹے

سے ڈمپل پر جو بات کرتے ہوئے اس کی

www.urdunovelscollection.com

خوبصورتی کو چار چاند لگادیتا تھا۔یا پھر اس کے

معصوم چہرے پر یا شاید اس کے گالوں کی

نرماہٹ پر جسے چھونے کے لیے وہ بے قرار

تھا یا پھر اس کی معصومیت۔۔۔۔؟وہ کافی

گہری نظروں سے اس کے چہرے کو دیکھ رہا

www.urdunovelscollection.com

تھا جب وہ جلدی سے کچن کی طرف چلی گئی

وہ کچن میں کیا تباہی مچا رہی تھی یہ تو وہی جانتی

تھی ہاں لیکن وہ اتنا سمجھ چکا تھا کہ اسے کھانا

بنانا بالکل بھی نہیں آتا ۔

OOOOOOOOO

www.urdunovelscollection.com

اب لے جاؤں باہر، نہیں ابھی زیادہ ٹائم

نہیں ہوا کم سے کم 20 منٹس تک تو لگنے

چاہیے نا وہ سامنے پلیٹ میں چکن نگٹس کو

خوبصورتی سے سجائے ہوئے بولی تھی ۔

www.urdunovelscollection.com

اگر اسے پتہ چل گیا تو وہ پریشانی سے سوچنے

لگی تھی۔

نہیں پتہ چلے گا ریلیکس ہو جاؤ کچھ نہیں ہوتا

اس کو چکن نگٹس کھانے تھے اور میں اس کو

www.urdunovelscollection.com

دے رہی ہوں۔ وہ گہرا سانس لیتے ہوئے

۔ بولی تھی جب وہ کچن میں داخل ہوا

یہ تم نے اتنی جلدی چکن نگٹس کیسے تیار کر

لیے اور وہ بھی اتنی صفائی کے ساتھ وہ کچن کو

دیکھتے ہوئے حیرت سے اسے دیکھنے لگا تھا

www.urdunovelscollection.com

اتنے صاف ستھرے چکن نگٹس اس کی

آنکھوں کے سامنے پلیٹ میں سجے ہوئے

تھے جبکہ وہ کھڑی معصومیت سے مسکرا رہی

تھی۔

www.urdunovelscollection.com

ارے میں نے بتایا تھا نا میں ابھی تیار کر لیتی

ہوں یہ تو میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔اور

میں صفائی پسند ہوں۔وہ میں سارے کام

صاف کر طریقے سے کرتی ہوں۔مجھے

گندگی بالکل پسند نہیں ہے اسی لیے میں نے

www.urdunovelscollection.com

سب کچھ فوراً سے صاف کر دیا۔ وہ اسے

دیکھتے ہوئے کہتی سامنے رکھا کپڑا اٹھا کر

دوبارہ سے فضول میں شیڈ پر پھیرنے لگی تھی

تاکہ اسے لگے کہ اس نے سچ میں بہت کام کیا

www.urdunovelscollection.com

ہے جبکہ صاف پتہ چل رہا تھا کہ سامنے رکھی

۔کوئی بھی چیز استعمال نہیں ہوئی

ارزن کندھے اچکا کر پلیٹ اٹھا کر باہر لے گیا

تھا اس نے اسے چیک بھی تو کرنا تھا اور اچھا نہ

ہونے کی صورت میں اس نے اس کی سزا

www.urdunovelscollection.com

بڑھانی تھی اور وہ دل سے دعا مانگ رہا تھا کہ

۔ یہ بالکل بھی اچھا نہ ہو

لیکن افسوس وہ اچھے نہیں بلکہ بہت اچھے

تھے اتنے پرفیکٹ تھے کہ وہ حیران رہ گیا تھا

www.urdunovelscollection.com

کل کا سینڈوچ کھانے کے بعد اس کے پیٹ

۔میں شدید مروڑ اٹھنے لگے تھے

لیکن یہ چکن نگٹس اتنے پرفیکٹ تھے کہ وہ

سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ وہ تعریف کرے کیا

اس سے پوچھے کہ یہ کدھر سے آئے ہیں۔

www.urdunovelscollection.com

کیونکہ اتنے اچھے چکن نگٹس یہ لڑکی ہرگز

نہیں بنا سکتی تھی۔

آپ کو تعریف کرنے کی ضرورت نہیں ہے

میں جانتی ہوں میں بہت اچھے نگٹس بناتی

ہوں میرے اپنے بھی فیورٹ ہیں نہ اسی

www.urdunovelscollection.com

لیے میں نے اپنی بہن سے اسپیشلی بنانے

سیکھیں ہیں۔آپ کل کیا کھائیں گے وہ اس

۔کے پیچھے آتے ہوئے پوچھنے لگی

کل جو بھی کھاؤں گا وہ کل بتاؤں گا وہ نگٹس

۔ کے ساتھ انصاف کرتے ہوئے بولا

www.urdunovelscollection.com

ارے نہیں ایسے کیسے کل بتائیں گے آج ہی

بتائیں ہو سکتا ہے مجھے بنانا نہ آتا ہو مجھے سیکھنا

۔ پڑے گا پہلے وہ فوراً بولی تھی

ایسا کرنا اٹالین رائز بنالینا مجھے کافی پسند ہیں

ویسے تو میں صرف اپنی مام کے ہاتھ کا کھاتا

www.urdunovelscollection.com

ہوں لیکن کل تمہارے ہاتھ سے بھی ٹرائی

کروں گا اور تمہیں اجازت ہے تھوڑے

بہت خراب ایکسیپٹیبل ہیں کیونکہ بنانا

مشکل ہے میں ہر گز تمہیں کسی مشکل میں

www.urdunovelscollection.com

نہیں ڈالنا چاہتا۔وہ نگٹس کے ساتھ انصاف

۔ کرتے ہوئے بولا

جب کہ وہ فون پر پورے کراچی کے

ریسٹورنٹ میں اس ڈش کو تلاش کر رہی تھی

کہ یہ اسے کہاں سے ملے گی۔کیونکہ آج

www.urdunovelscollection.com

آرڈر کام اگیا تھا کل بھی آرڈر کام آنے والا

تھا۔اپنے کالج سے نکل کر وہ سیدھی

ریسٹورنٹ گئی تھی اور وہاں سے چکن نگٹس

لے کر آئی تھی ۔

www.urdunovelscollection.com

اور پھر اس کی پیکنگ ایسی کروائی تھی کہ اس

کی خوشبو تک باہر نہ جائے وہ اپنے بیگ میں

چھپا کر پیکٹ لے کر آئی تھی اور پھر یہاں

گھر آتے ہی اس نے چکن نگٹس اس کے

حوالے کر دیے تھے اس نے کالج میں کافی

www.urdunovelscollection.com

دیر سوچنے کی کوشش کی کہ آپی نے کل کس

طرح سے بنائے تھے لیکن اسے بالکل بھی

کچھ سمجھ نہ آیا تو اس نے بیچ کا راستہ نکالا تھا جو

کافی کامیاب رہا تھا ۔

○○○○○○○○

www.urdunovelscollection.com

یہ تمہارا آخری فیصلہ ہے دیکھو ذریاب سوچ

سمجھ کر فیصلہ کرو یہ صرف دو تین دن کی

نہیں بلکہ پوری زندگی کا سوال ہے میں نے

پہلے بھی کہا تھا اب بھی کہہ رہی ہوں میں

www.urdunovelscollection.com

تمہارا ساتھ دینے کو تیار ہوں لیکن مجھے بھی

۔ آگے فیوچر میں ساتھ چاہیے

یہ نہیں کہ ابھی جوش میں کہہ دیا کہ تم

سے محبت ہے تمہارے لیے کچھ بھی کروں گا

۔شادی کروں گا تو تم سے کروں گا لیکن

www.urdunovelscollection.com

آگے جا کر تم مجھے اکیلا نہیں چھوڑ سکتے۔ کل

کو تمہارے ماں باپ مجھ سے ہزار طرح کے

سوال کریں گے میں کس کس کو جواب دوں

گی میں اپنی لائف میں بہت خوش ہوں مجھے

کسی چیز کی کمی نہیں ہے الحمد للہ اپنا کام کر رہی

www.urdunovelscollection.com

ہوں صرف ایک بہن ہی تو ہے میری، جس

کا کریئر بنانا چاہتی ہوں جسے کامیاب دیکھنا

چاہتی ہوں اس کی زندگی میں کسی طرح کی

کمی نہیں چاہتی۔جو محرومیاں میں نے سہی

ہیں۔

www.urdunovelscollection.com

وہ میں اپنی بہن کو نہیں دینا چاہتی اس کا

سیکیور فیوچر دیکھنا چاہتی ہوں وہ میری ذمہ

داری ہے اور بس۔۔۔" اگر سچ کہوں تو تم

سے شادی کے پیچھے کی بھی یہی وجہ ہے کہ

میں اپنی بہن کو ایک سیکیور فیوچر دینا چاہتی

www.urdunovelscollection.com

ہوں۔ایک اکیلی لڑکی ہو کر میں اپنی بہن

کے ساتھ اس معاشرے میں اکیلے سروائیو

نہیں کر سکتی اسی لیے مجھے لگا ہے کہ کسی مرد

۔ کا ساتھ میرے لیے بہتر رہے گا

www.urdunovelscollection.com

تمہیں صرف اپنی فیملی کو ہی نہیں بلکہ میری

فیملی کو بھی دیکھنا ہے ابھی بھی وقت ہے

پوری طرح سے سوچ سمجھ کر فیصلہ کرو ابھی

تک تو میں نے اپنی بہن کو بھی اس بارے

www.urdunovelscollection.com

میں کچھ نہیں بتایا وہ اسے دیکھتے ہوئے بولی

تھی۔

ٹھیک ہے تو اپنی بہن کو تم کچھ مت بتاؤ میں

خود آکر اس کو بتاتا ہوں اور اسے پوچھ لیتا

www.urdunovelscollection.com

ہوں کہ میں اسے کیسا لگا کیونکہ میں تو اپنا

۔ فیصلہ کر چکا ہوں

باقی فیصلہ میں تمہاری بہن پر چھوڑتا ہوں اگر

اسے اچھا لگا تو یقیناً تمہاری طرف سے بھی

ہاں ہی ہو گی اینڈ ٹرسٹ می میں تمہیں کبھی

www.urdunovelscollection.com

مایوس نہیں کروں گا عالیانہ میں نے تم سے

محبت کی ہے میں تمہارے لیے دنیا سے لڑ

جاؤں گا وہ اس کے ہاتھ پہ ہاتھ رکھتے ہوئے

بولا تو اس نے ہلکا سا مسکرا کر ہاں میں سر ہلایا

www.urdunovelscollection.com

تھا جبکہ اس کی مسکراہٹ پر زریاب جی اٹھا

تھا۔

OOOOOOOO

www.urdunovelscollection.com

وہ پورے دو گھنٹے کے بعد وہاں سے جا چکی

تھی۔جب کہ وہ اب بھی حیران تھا اتنا اچھا

کھانا اس نے بنا کیسے لیا تھا ؟۔۔۔۔

کیا وہ اتنی اچھی ذہانت کی مالک تھی کہ ایک

ہی رات میں وہ اس کے لیے چکن نگٹس سیکھ

www.urdunovelscollection.com

کر آتی اور پھر اتنی جلدی جلدی بنالاتی۔اگر

تو اس نے اچھے بنائے ہوتے تو وہ شک نہ کرتا

لیکن اتنی جلدی اس نے بنائے تھے اسی لیے

اسے شک تھا اس پر۔۔۔۔"کیونکہ اتنی

کوک سروس تو ہوٹیل والوں کی بھی نہیں

www.urdunovelscollection.com

تھی جتنی اس لڑکی نے دی تھی اور پھر اس

نے بنا کوئی بھی سامان تیار کیے بنائے کیسے

تھے ۔

وہ پانی پینے کے لیے کچن میں آیا تو بے اختیار

ہی اس کی نظر ڈیسٹ بن پر گئی تھی جہاں پر

www.urdunovelscollection.com

اسے کافی فیمس ریسٹورنٹ کا پیکٹ پڑا نظر آیا

تھا اس نے غور سے اس کے قریب کھڑے

ہوتے ہوئے دیکھا تو اس پر چکن نگٹس لکھا

ہوا تھا یعنی کہ یہ چکن نگٹس اس نے نہیں

www.urdunovelscollection.com

بنائے تھے وہ بنا بھی نہیں سکتی تھی ایسے بنانا

۔ اس کے بس سے باہر تھا

اس کے چھوٹے چھوٹے خوبصورت

سے ہاتھوں سے اتنے مزے دار بڑے

www.urdunovelscollection.com

بڑے پرفیکٹ اور سیم سائز کے نگٹس نہیں

بن سکتے تھے ۔

تو محترمہ نے بے ایمانی کی ہے معصوم شکل

کے ساتھ شیطانی ذہانت یہ تو معصوم شیطانی

ہوئی معاف کر دوں یا پھر مجھے اس پر ایکشن

www.urdunovelscollection.com

لینا چاہیے۔۔۔؟وہ تھوڑی کے نیچے ہاتھ

رکھتے ہوئے جیسے کوئی بہت اہم چیز پر غور و

فکر کر رہا تھا۔

www.urdunovelscollection.com

مجھے ایکشن لینا چاہیے اس نے خود ہی فیصلہ

کیا تھا پھر اس کی معصوم آنکھیں یاد آئی تو سر

کھجا کر رہ گیا ۔

مسٹر دل۔۔"تمہارے ساتھ کیا مسئلہ ہے

اس لڑکی کی آنکھیں یاد آتے ہی پھڑ پھڑانے

www.urdunovelscollection.com

کیوں لگتے ہو۔آرام سے سینے میں بیٹھے رہو

ورنہ نکال کر باہر پھینک دوں گا میں ایٹیٹیوڈ

میں باپ ہوں تمہارا ارزن شاہ نام ہے

میرا ،ارے تمہیں تو خود پر ناز کرنا چاہیے کہ

تمہیں ارزن شاہ کے سینے میں ڈالا گیا ہے

www.urdunovelscollection.com

اپنی بات پر وہ کھل کر مسکرا دیا یہ تھوڑا زیادہ

ہو گیا تھا لیکن کوئی بات نہیں وہ اپنے دل سے

مخاطب تھا۔جو بالکل خاموش بیٹھنے کو تیار

نہیں تھا اس نے تنگ آ کر آنکھیں گھمائی تھی

www.urdunovelscollection.com

فائن اس کی معصوم آنکھوں کے صدقے

اس کی پہلی غلطی معاف کر رہا ہوں اب

معصوم سی تو بچی ہے اتنا ظلم اچھا نہیں اس پر

ہو سکتا ہے زندگی بھر کے لیے اس پر نازل ہو

کر ظلم کرنے والا ہوں اس نے گہری سوچ

www.urdunovelscollection.com

میں جاتے ہوئے ہلکا سا مسکراتے ہوئے اسے

۔ معاف کر دیا تھا

oooooooooo

ارے یہ کیا تمہارے گھر کا دروازہ تو بند

ہے۔۔۔؟ تمہاری بہن کہاں ہے۔۔۔؟ تم تو

www.urdunovelscollection.com

کہہ رہی تھی کہ وہ اس وقت گھر پر ہوتی

ہے۔وہ اس کے ساتھ ہی اس کے گھر پر آیا

تھا، لیکن دروازے پر لاک دیکھ کر وہ خود بھی

پریشان ہو گئی تھی وہ بھلا اس وقت کہاں جا

سکتی تھی ؟____

www.urdunovelscollection.com

پتہ نہیں زریاب میری بہن اس طرح کہیں

نہیں جاتی، وہ اس طرح اچانک کہاں چلی

گئی۔ میں اسے کال کرتی ہوں۔ پتا نہیں کسی

مصیبت میں نہ پھنس گئی ہو۔ تمہیں نہیں پتہ

وہ بہت معصوم ہے۔ اسے کسی چیز کی سمجھ

www.urdunovelscollection.com

نہیں ہے۔اس کے لہجے میں بہت فکر مندی

تھی۔

ریلیکس ہو جاؤ عالیانہ، پلیز ریلیکس ہو جاؤ، وہ

بالکل ٹھیک ہو گی تم فکر مت کرو تم اسے کال

کرو ہو سکتا ہے دوستوں کے ساتھ کہیں چلی

www.urdunovelscollection.com

گئی ہو پچی ہے وہ،اس کا دل کرتا ہو گا باہر نکلنے

کا ہو سکتا ہے تمہاری ڈانٹ کے ڈر سے اسنے

تمہیں نہ بتایا ہو اب ذرا ذرا سی باتوں پر تم بھی

تو بنا لحاظ سے ڈانٹنے لگتی ہو۔ذریاب اسے

۔دیکھتے ہوئے بولا

www.urdunovelscollection.com

اکثر وہ جب اس کے ساتھ بیٹھی ہوتی تھی اگر

غلطی سے اسے ارزا کی کال آجائے تو اسے

ڈانٹ ضرور پڑتی تھی جس پر اس نے کئی دفعہ

اسے منع بھی کیا تھا کہ وہ کیوں بے کار میں

۔ اپنی معصوم بہن کو ڈانٹتی ہے

www.urdunovelscollection.com

جس پر عالیانہ کہتی تھی کہ اسے دنیا جہان کی

سمجھ نہیں ہے وہ بہت معصوم ہے، غلطیاں

کر دیتی ہے۔ خود کو کسی مصیبت میں نہ پھنسا

لے اس کے لہجے میں بالکل ماں سی فکر مندی

www.urdunovelscollection.com

تھی۔ہاں بڑی بہن ماں کی طرح ہی تو ہوتی

ہے وہ سچ میں اپنی بہن کی ماں ہی تھی ۔

ارزا بہت خوش قسمت تھی جسے عالیانہ جیسی

بڑی بہن ملی تھی جو اس کی ماں باپ بن کر

اسے پال رہی تھی اس کا خیال رکھ رہی

www.urdunovelscollection.com

تھی۔اس کی چھوٹی سے چھوٹی ضروریات کو

پورا کرنے کے لیے آدھی آدھی رات تک

۔ وہ کام کرتی تھی

وہ ابھی اس سے کچھ اور کہتا کہ دوسری

طرف سے ارزا نے فون اٹھالیا تھالیکن اس

www.urdunovelscollection.com

کی سوچ کے عین مطابق اس نے پیار سے

اسے ڈیل نہیں کیا تھا بلکہ کافی غصے سے اسے

فون پر ہی ڈانٹنے لگی تھی جس پر ذریاب مسکرا

دیا تھا ۔

www.urdunovelscollection.com

ہاں وہ اس کی بہن تھی وہ اس کو جس طرح

چاہے اس طرح سے ٹریٹ کر سکتی تھی۔

لیکن وہ کافی سختی دکھاتی تھی کم سے کم

ذریاب کو تو ایسا ہی لگتا تھا اسے اپنی بہن کو اپنا

۔ اتنا بھی پابند نہیں کرنا چاہیے

www.urdunovelscollection.com

لیکن یہ ساری باتیں وہ اس سے شادی کے

بعد بھی سمجھا سکتا تھا فلحال یقیناوہ اپنی بہن پر

اکلوتا حق رکھتی تھی اور وہ ہرگز نہیں چاہتی

تھی کہ کوئی بھی اس کی اور اس کی بہن کے

بیچ میں بولے۔

www.urdunovelscollection.com

OOOOOOOOO

وہ بھاگتے ہوئے گھر کی طرف آ رہی تھی

ایک تو آج سواری بھی نہیں ملی تھی جس کی

وجہ سے زیادہ مصیبت بن گئی تھی ایک تو اس

۔ آدمی کے گھر جانا بھی بے حد مشکل تھا

www.urdunovelscollection.com

دو دن سے اس نے کالج کی وین چھوڑی ہوئی

تھی۔کیونکہ اسے پہلے دوسری سائیڈ پر جانا

ہوتا تھا جہاں اس آدمی کا گھر تھا اگر اس کا

نقصان نہ کیا ہوتا نا تو اس کے فرمائشی

ڈراموں پر لعنت بھیج دیتی لیکن اس نے تو

www.urdunovelscollection.com

اس کا 2015 لاکھ کا نقصان کر دیا تھا جس

کی بھرپائی وہ معصوم تو ہرگز نہیں کرسکتی تھی

۔

اس کی بہن اسے بہت ڈانٹتی بہت غصہ کرتی

لیکن اسے اس مصیبت سے یقینا نکال لیتی۔

www.urdunovelscollection.com

لیکن مسئلہ یہ تھا کہ اسے تو مصیبت سے نکال

لاتی لیکن خود پھنس جاتی وہ دن رات ایک کر

رہی تھی ۔

اپنا افس بنانے کے لیے اپنی ایک پہچان

بنانے کے لیے وہ اپنا برانڈ لانچ کرنا چاہتی

www.urdunovelscollection.com

تھی۔ جس کے لیے اسے بہت سارے پیسے

درکار تھے اور پیسے حاصل کرنے کے لیے وہ

۔دن رات ایک کر رہی تھی

وہ ہرگز نہیں چاہتی تھی کہ وہ اپنی بہن کے

لیے کوئی امتحان پیدا کرے اور تیز تیز بھاگتے

www.urdunovelscollection.com

ہوئے آرہی تھی جب اس کا فون بجا اس نے

جلدی سے بیگ سے فون نکال کر دیکھا تو آپی

۔ کی کالنگ لکھا تھا

مر گئی اب آپی کو کیا کہوں۔۔۔؟ کہہ دیتی

ہوں کہ گھر پر ہوں لیکن سانس پھولی ہوئی

www.urdunovelscollection.com

ہے، انہیں پتہ چل جائے گا کہ میں بھاگ

رہی تھی تو کیا کروں آرام سے سانس لے کر

۔ پھر کال اٹینڈ کرتی ہوں

وہ ایک جگہ سائیڈ پر ہو کر بیٹھتی اپنے بیگ

سے پانی کی بوتل نکال کر لبوں سے لگاتی

www.urdunovelscollection.com

گہرے گہرے سانس لینے لگی تھی پھر خود کو

ریلیکس کرتے ہوئے اس نے کال اٹینڈ کی تو

دوسری طرف سے اس کی بہن کی گرج

برس شروع ہو چکی تھی ۔

www.urdunovelscollection.com

کہاں ہو تم ارزا میں گھر پر ہوں میں نے

تمہیں کہا تھا کہ آج تم سے ملنے کے لیے

ایک مہمان آئے گا اور تم گھر سے ہی غائب

ہو ۔

www.urdunovelscollection.com

اس وقت تک تو تم کالج سے فری ہو کر آجاتی

ہو اب تک تم گھر کیوں نہیں آئی

۔۔۔؟ جلدی سے بتاؤ کہ کہاں ہو تم ورنہ

تمہاری خیر نہیں وہ بے حد غصے سے بات کر

رہی تھی ۔

www.urdunovelscollection.com

جبکہ یہ سن کر کہ اس کی بہن اس وقت گھر پر

موجود ہے اس کے تو ہوش ہی اڑ گئے تھے

اسے کوئی بہانہ سمجھ نہیں آرہا تھا اب کیا

کہے؟ وہ جھوٹ تو بول نہیں سکتی تھی کل بھی

۔ اس نے جھوٹ بولا تھا کہ وہ گھر پر ہے

www.urdunovelscollection.com

آپی وہ ہمارے کالج کی بس خراب ہو گئی تھی

تو ہم لوگ ناپیدل گھر آ رہے ہیں۔ میرے

ساتھ میری ایک فرینڈ بھی ہے بس میں گھر

کے بالکل پاس ہی ہوں میں پانچ منٹ میں

پہنچتی ہوں آپ پلیز وہیں رکو میں آتی ہوں

www.urdunovelscollection.com

اس نے جلدی جلدی کہتے ہوئے فون بند کیا

تھا۔

کالج بس کی تو اس نے دو تین دن سے شکل

تک نہیں دیکھی تھی وہ اپنی بہن سے جھوٹ

www.urdunovelscollection.com

بول کر بالکل بھی خوش نہیں تھی اس آدمی

نے تو اسے اچھا خاصا جھوٹا بنا دیا تھا۔

اللہ جی پلیز یہ سارے جھوٹ جو میں بول

رہی ہوں نا ان سب کا عذاب اسی آدمی کو

دیجیے گا مجھے نہیں۔ کسی اچھے کام کے لیے

www.urdunovelscollection.com

جھوٹ بولنے کا تھوڑا گناہ ہوتا ہے چلیں میں

اچھے کام کے لیے نہیں لیکن اپنی جان بچانے

کے لیے جھوٹ بول رہی ہوں۔ آپ کو تو

پتہ ہے نا میری آپی کتنی ہٹلر ہیں وہ اللہ سے

www.urdunovelscollection.com

مخاطب تیز تیز گھر کی طرف قدم بڑھا رہی

تھی ۔

جب کہ ذہن میں ایک لمحے کے لیے خیال

بھی آیا تھا کہ کون سا مہمان آیا تھا خیر یہ تو

اس کی آپی نے صبح بتایا ہی تھا کہ ہو سکتا ہے

www.urdunovelscollection.com

آج یا کل اس سے ملنے کے لیے کوئی آئے۔

اب وہ کوئی کون تھا یہ اسے ہرگز اندازہ نہیں

تھا خیر گھر جا کر پتہ چل ہی جائے گا اگر

مہمان کے سامنے اس کی آپی نے اس کی

www.urdunovelscollection.com

تھوڑی سی عزت رکھتے ہوئے ڈانٹنا بعد پر

ملتوی کر دیا تو۔۔۔"

○○○○○○○

ارزا بھاگم بھاگ گھر پر پہنچی تو عالیانہ سامنے

صوفے پر بیٹھی تھی جبکہ اس کے بالکل

www.urdunovelscollection.com

سامنے والے صوفے پر ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا

اب یہ آدمی کون تھا اسے ایک لمحے کے لیے

سمجھ نہیں آیا تھا وہ اسے سلام کرتے ہوئے

وہاں داخل ہوئی تو ذریاب فورا اٹھ کر کھڑا ہو

گیا تھا ۔

www.urdunovelscollection.com

وہ کافی ہینڈسم تھا اس میں کوئی شک نہیں تھا

۔۔۔۔؟لیکن وہ ان کے گھر پر کیا کر رہا تھا

وعلیکم السلام کیسی ہو تم ارزا! اس نے مسکرا

کر اس سے پوچھا تو اس نے صرف ہاں میں

" سر ہلایا تھا

www.urdunovelscollection.com

الحمدللہ میں ٹھیک ہوں آپ کیسے ہیں وہ

انجان نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے بولی

تھی۔ وہ اس آدمی کو بالکل نہیں پہچانتی تھی

نہ ہی اس کی بہن نے کبھی کسی اس طرح کے

۔ انسان کا ذکر کیا تھا

www.urdunovelscollection.com

میں بھی بالکل ٹھیک ہوں یقیناً تمہاری بہن

نے تمہیں میرے بارے میں تو کچھ بتایا

نہیں ہو گا سو میں خود ہی اپنا تعارف کروا دیتا

ہوں اف یو ڈونٹ مائنڈ۔۔۔"اس نے ایک

www.urdunovelscollection.com

نظر پیچھے کھڑی عالیانہ کو دیکھتے ہوئے کہا تو

۔ اس نے فوراً نفی میں سر ہلایا تھا

نہیں مجھے ہر گز کوئی مسئلہ نہیں ہے تم خود اپنا

تعارف کروا سکتے ہو بلکہ مجھے خوشی ہو گی اگر

www.urdunovelscollection.com

تم ایسا کرو گے تو اس نے مسکراتے ہوئے اس

سے کہا۔

اگر تمہیں خوشی ہوگی تو پھر میں اپنا نام وغیرہ

بتانے کے بجائے سیدھا رشتہ داری پر ہی اتر

آتا ہوں سو پیاری سی پرنسز میں آپ کا ہونے

www.urdunovelscollection.com

والا بہنوئی ہوں میرا مطلب ہے۔آپ مجھے

جیجو کہہ سکتی ہیں یا پھر جیج یا پھر بھائی جان

مطلب جو آپ کو اچھا لگے مجھے کوئی اعتراض

نہیں ہے اس نے مسکراتے ہوئے اپنا

تعارف کروایا تو وہ حیرت سے سامنے کھڑی

www.urdunovelscollection.com

عالیانہ کی طرف دیکھنے لگی تھی جو مسکرا رہی

تھی ۔

آپی ۔۔۔۔" وہ سوالیہ انداز میں اس کی

طرف دیکھتے ہوئے کہنے لگی یقیناً وہ فی الحال

اس کی بات کو سمجھ نہیں پائی تھی

www.urdunovelscollection.com

ہاں ارزا یہ ذریاب ہیں شاہ گروپ اف

۔ انڈسٹرز کے چیئرمین اینڈ سی ای او

انہیں مجھ سے شادی کرنے میں انٹرسٹ تھا

تو میں انہیں سیدھا اپنے گھر لے آئی میں نے

کہہ دیا کہ میری بہن کی مرضی ہو گی تب ہی

www.urdunovelscollection.com

ہاں ہو گی جو میری بہن کہے گی میں وہی

کروں گی۔ آخر میری زندگی پر مجھ سے کہیں

۔ زیادہ میری پیاری سی بہن کا حق ہے

اب تم بتاؤ کیا تم اس رشتے کے لیے تیار ہو کیا

تمہیں لگتا ہے کہ یہ آدمی تمہاری بہن کے

www.urdunovelscollection.com

لیے ٹھیک ہے یا کچھ خاص پسند نہیں آیا

۔۔۔۔؟

عالیانہ اس کے قریب آتے ہوئے اس کے

گرد اپنی باہیں پھیلاتی اس کے کندھے پر اپنی

تھوڑی رکھتے بے حد پیار سے پوچھ رہی تھی

www.urdunovelscollection.com

جب کہ اس نے ایک نظر اپنی بہن کے

چہرے کی مسکراہٹ دیکھی تھی اور پھر

"۔۔۔۔ سامنے کھڑے اس آدمی کو

لیٹ می چیک۔۔۔۔۔"اب یوں کھڑے

کھڑے فیصلہ تو نہیں ہو سکتا نا مجھے ایک دفعہ

www.urdunovelscollection.com

دیکھنا ہے اس نے اپنے گرد سے علیانہ کے

بازو کھولتے ہوئے سر سے پیر تک آگے پیچھے

اس کے گھومتے ہوئے اسے پوری طرح سے

چیک آؤٹ کیا تھا۔اس کا انداز دریاب کو ہنسنے

پر مجبور کر گیا تھا وہی عالیانہ سر پر ہاتھ مار کے

www.urdunovelscollection.com

سامنے بیٹھ گئی تھی اس کی چیکنگ کافی فنی تھی

۔

آپ جم جاتے ہو۔۔۔؟ وہ اس کے سامنے

رکتے ہوئے سوال کرنے لگی تو ذریاب نے

۔ فوراہاں میں سر ہلایا تھا

www.urdunovelscollection.com

سگریٹ شراب وغیرہ وغیرہ۔۔۔۔؟انداز

اب بھی سوالیہ تھا ذریاب کی طرف سے فورا

۔ نفی میں گردن ہلائی گئی

اوکے فیملی میں کون کون ہیں ماما بابا بھائی بہن

دادی نانی۔وغیرہ وغیرہ کوئی افئیر وغیرہ تو

www.urdunovelscollection.com

نہیں چل رہا اب آپ اتنی بڑی کمپنی کے سی

ای او ہیں تو آپ کی کمپنی میں لڑکیاں بھی کام

کرتی ہوں گی نا۔۔۔؟اس نے سوالیہ انداز

میں کہا تھا۔جب کہ عالیانہ تو پریشان ہو گئی

تھی اس طرح کا کوئی سوال تو آج تک اس

www.urdunovelscollection.com

نے بھی ذریاب سے نہیں پوچھا تھا جس

طرح کے سوالات اس کی چھوٹی سی بہن

۔ پوچھ رہی تھی

میری فیملی میں میرا ایک بھائی ہے میرے بابا

نے دو شادیاں کر رکھی ہیں تو دو مائیں ہیں اور

www.urdunovelscollection.com

ایک میرے بابا ہیں بس اور نہیں نہیں میرا

کوئی افیئر نہیں ہے اور نہ ہی میں نے آج تک

تمہاری بہن کے علاوہ کسی بھی لڑکی کو دیکھا

ہے تقریبا تین سال پہلے ان محترمہ نے

میری کمپنی کے لیے کچھ ڈیزائن تیار کر کے

www.urdunovelscollection.com

دیے تھے۔بس تبھی ہماری ملاقات ہوئی

تھی مجھے یہ ضرورت سے زیادہ اچھی لگی تبھی

میں نے فیصلہ کرلیا تھا کہ شادی کروں گا تو

۔ انہی کے ساتھ کروں گا

www.urdunovelscollection.com

لیکن آپ کی بہن ماننے کا نام نہیں لے رہی

تھی تین سال سے میں ان کے پیچھے پڑا ہوں

انہوں نے ہمیشہ مجھ سے شادی کرنے سے

انکار کیا ہے اب اگر آپ راضی ہو جائیں تو

یقیناً ان کی طرف سے بھی ہاں ہی ہو گی تو کیا

www.urdunovelscollection.com

میں آپ کی طرف سے ہاں سمجھوں

۔۔۔۔۔؟زریاب کو نہیں پتہ تھا کہ اس

نے زندگی میں کبھی اتنی باتیں کی ہیں

جتنی اس چھوٹی سی لڑکی کو امپریس کرنے

کے لیے کر رہا تھا ۔

www.urdunovelscollection.com

مجھے سوچنے کے لیے وقت چاہیے وہ جو اس

کی طرف سے ہاں کا منتظر تھا اچانک سے بولی

۔ تو عالیانہ کی ہنسی چھوٹ گئی تھی

میں نے تمہیں بتایا تھا میری بہن ہر گز کوئی

چھوٹا موٹا ٹاسک نہیں ہے وہ تمہیں تمہاری

www.urdunovelscollection.com

نانی یاد کروا دے گی۔میری بہن کو سوچنے کا

وقت چاہیے ایک ہفتے میں ہم سوچ لیں گے

ہے نا ارزا۔۔۔؟اس نے ارزا کی طرف

دیکھتے ہوئے کہا تو اس نے احسان کرنے

والے انداز میں ہاں میں سر ہلایا تھا ۔

www.urdunovelscollection.com

چلو جی ایک ہفتے تک سوچنے کا وقت دے

دیا۔ لیکن جواب مجھے ہاں میں چاہیے۔اس

نے ارزا کو دیکھتے ہوئے کہا تھا تو اس نے

۔ تیوری چڑھائی تھی

www.urdunovelscollection.com

ایکسکیوزمی کیسے جواب ہاں میں چاہیے مجھے

پسند آئیں گے آپ ایزمائی جیجو تو ہی آپ کا

کوئی کام بن سکتا ہے ورنہ نہیں پہلے مجھے

امپریس کریں گے آپ اس کے بعد ہی کوئی

فیصلہ ہو گا فحال آپ جا سکتے ہیں وہ کہہ کر اپنا

www.urdunovelscollection.com

بیگ لے کر اپنے کمرے کی طرف چلی گئی

تھی جب کہ عالیانہ اس کے انداز پر مسکراتی

۔ ہوئی ذریاب کو اٹھتے ہوئے دیکھ رہی تھی

چلیں جی اس وقت ہم جا سکتے ہیں تو ہم جا

رہے ہیں کچھ پلاننگ کرنی ہے اپنی سالی کو

www.urdunovelscollection.com

پٹانے کے لیے آپ دروازہ بند کر دیجیے

۔اس نے عالیانہ سے کہا تھا جب کہ اٹھ کر

۔ اس کے پیچھے آئی تھی

OOOOOOO

www.urdunovelscollection.com

ارزن شاہ گہری نیند سو رہا تھا۔جب اس کا

موبائل فون بجا بیزار ہو کر اس نے فون کی

طرف ہاتھ بڑھایا تو سامنے ڈیڈ کو لنگ لکھا تھا

اس نے آنکھیں گھماتے ہوئے سیدھے ہو کر

بیٹھتے فون کو ہاتھ میں رکھے بجنے دیا

www.urdunovelscollection.com

تھا۔ایک دفعہ پوری کال کو پر سکون انداز میں

بند کرنے کے بعد وہ دوسری دفعہ کال کا

انتظار کر رہا تھا جب دوسری دفعہ فون نہیں

۔آیا تو اس نے گھور کر فون کو دیکھا تھا

www.urdunovelscollection.com

اگر اپنی بھلائی چاہتا ہے تو دوسری دفعہ بچ

ورنہ اتنی زور سے دیوار کے ساتھ مار کر

تیرے اتنے ٹکڑے کروں گا کہ تو خود بھی

اپنے باڈی پارٹس گن نہیں سکے گا اس نے

اپنے موبائل کو دھمکی دی تو اگلے ہی لمحے

www.urdunovelscollection.com

فون پھر سے بجنے لگا تھا سامنے سکرین پر ایک

دفعہ پھر سے ڈیڈ کالنگ چمکتا ہوا نظر آیا

کیپ کالنگ ڈیئر ڈیڈ۔۔۔" وہ بیڈ کراون

سے ٹیک لگاتا اپنے فون کی سکرین کو دیکھ رہا

تھا ۔

www.urdunovelscollection.com

کال اٹھالوں ۔۔؟ ارے ابھی نہیں صرف دو

کال پر فون اٹھاؤں گا تو سوچیں گے کہ میں

انہی کی کال کا ویٹ کر رہا تھا۔اس نے جیسے

خود کو کنڑول کیا تھا فون ایک طرف رکھ کر

۔ وہ اٹھ کر نہانے چلا گیا

www.urdunovelscollection.com

OOOOOOOO

تقریبا10 منٹ کے بعد وہ خود کو ریلیکس کر

کے باہر نکلا تو فون اب بھی بج رہا تھا اور بجتے

ہوئے فون کو دیکھ کر وہ دلکشی سے مسکراتا

۔ آئینے کے سامنے آرکا تھا

www.urdunovelscollection.com

تیرا مسد کا لزاب اسے تھوڑا سکون ملا تھا اب

کال اٹھا لینی چاہیے۔ سوچ کر اس نے مسعود

صاحب کی جان پر بہت بڑا احسان کرتے

۔ ہوئے فون اٹھانے کی زحمت کر لی تھی

www.urdunovelscollection.com

جی فرمائیں کیوں فون کیا ہے آپ نے اپنے

نالائق نکمے بیٹے کو۔۔۔۔۔وہ فون کان سے

لگاتے ہوئے بیزار لہجے میں بولا تو دوسری

طرف مسعود صاحب کے لبوں پر گہری

مسکراہٹ بکھری تھی ۔

www.urdunovelscollection.com

کیونکہ میرا دل کر رہا تھا اپنے نالائق اور نکمے

بیٹے سے بات کرنے کا۔کیسی جا رہی ہے

فارم ہاؤس میں زندگی برخودار کسی چیز کی کمی

ہے تو بتاو بھجوا دیتے ہیں۔ویسے کون سے

اکاؤنٹ پر پیسے منگوائیں ہیں تم نے ذرا بتانا

www.urdunovelscollection.com

مجھے میں بھی بھیج دیتا ہوں کچھ رقم

۔۔۔۔۔۔"مجھے تو لگ رہا تھا کہ سچ میں ہی گھر

چھوڑ کر چلے گئے ہو لیکن نہیں تم تو یہی ہو

اپنے فارم ہاؤس میں۔مجھے تو بے کار کی ٹینشن

www.urdunovelscollection.com

ہونے لگی کہ کہیں سچ مچ میں تو تم گھر چھوڑ کر

نہیں چلے گئے ۔

وہ مسکراتے ہوئے لہجے میں بھولے تو ارزن

کو اپنی بے عزتی سی محسوس ہوئی تھی کیا

انہوں نے اسے بے عزت کرنے کے لیے

www.urdunovelscollection.com

فون کیا تھا اخر کہنا کیا چاہتے تھے وہ کہ گھر

چھوڑ کر بھی وہ انہی کے ٹکڑوں پر پل رہا ہے

ویسے پل تو وہ واقعی انہی کے ٹکڑوں پر ہی رہا

تھا ۔

www.urdunovelscollection.com

جی میں گھر چھوڑ کر نہیں گیا بلکہ کل سے میں

آپ کا وہ افس جوائن کر رہا ہوں۔ فکر نہ

کریں اب آپ کے ٹکڑوں پر نہیں پلوں گا

مفت کا نہیں کھاؤں گا آپ کا

۔۔۔۔۔"اس کے لہجے میں ضدی پن

www.urdunovelscollection.com

شامل تھا جبکہ دوسری طرف مسعود صاحب

۔ کو تو اپنے بیٹے پر لاڈ آرہا تھا

ارے ارے ارے میرا بیٹا اتنا غیرت مند

کب سے ہو گیا۔سچ کہہ رہے ہو نا یا صرف دو

تین دن کا جوش ہے جو دو تین دنوں میں

www.urdunovelscollection.com

ٹھنڈا ہو جائے گا ان کے لہجے میں اب بھی

مستی شامل تھی ۔

اوہیلو آپ کے بڑے بیٹے سے زیادہ غیرت

مند ہوں میں آرہا ہوں کل سے آفس جوائن

کروں گا سب کچھ سنبھال لوں گا اتنا بھی

www.urdunovelscollection.com

مشکل نہیں ہے یہ افس واپس میں کام کرنا

لیکن ایک بات کان کھول کر سن لیجیے میں

زیادہ سے زیادہ تین گھنٹے تک افس رہوں گا

میری اپنی بھی ایک پرسنل لائف ہے اور میں

وہاں کا مالک ہوں کوئی نوکر نہیں ۔

www.urdunovelscollection.com

یہ بات اپنے اس بڑے بیٹے کو سمجھا دیجئے گا

اگر اس نے مجھے کہیں پر بھی ڈیگریڈ کرنے کی

کوشش کی یا میرے کوئی بھی کام میں دخل

اندازی کی تو میں لحاظ نہیں کروں گا ۔

www.urdunovelscollection.com

بیٹا وہ تمہیں سمجھائے گا سکھائے گا۔ مسعود

۔ صاحب نے پیار سے سمجھانا چاہا تھا

اووو پلیز مسعود صاحب میں خود سب کچھ

سمجھا ہوا ہوں اور سیکھا ہوا ہوں مجھے کوئی

www.urdunovelscollection.com

ضرورت نہیں ہے ایسے کسی سوتیلے ٹیچر کی

۔ ۔وہ فوراً ان کی بات کاٹ گیا

اس کے ساتھ تمہارا سوتیلا نہیں بلکہ سگا رشتہ

ہے محبت کا رشتہ ہے جذبات کا رشتہ ہے وہ

www.urdunovelscollection.com

تمہیں سچ میں اپنے بھائی کی طرح سمجھتا ہے

۔ سگے یا سوتیلے کی طرح نہیں

ہو گیا آپ کا بھاشن ختم اب فون بند کر دیجیے

مجھے سونا ہے اور پلیز اس کے بعد نا مجھے بنا کسی

www.urdunovelscollection.com

بڑی وجہ کے فون مت کیجیے گا اچھی خاصی

۔ نیند کا بیڑا غرق کر دیا خدا حافظ

وہ فل ناراضگی سے کہتا فون بند کر چکا تھا جب

کہ مسعود صاحب مسکرا کر فون ایک طرف

www.urdunovelscollection.com

رکھتے ہوئے کچھ ریلیکس ہوئے تھے۔اخر

۔ ان کالاڈلہ افس انے کے لیے مان گیا تھا

OOOOOOOO

آپی کھانا بن گیا۔۔۔؟وہ کچن میں آئی تھی

جب اس نے عالیانہ کو جلدی جلدی کھانا

www.urdunovelscollection.com

بناتے ہوئے دیکھا۔اس نے مسکرا کر ہاں

۔ میں سر ہلایا تھا

ویسے آپی آپ نے مجھ سے پوچھا نہیں کہ

مجھے جیجو کیسے لگے۔۔۔؟ وہ اس کے گرد

اپنے بازو لپیٹتے ہوئے اس کے کندھے پر اپنی

www.urdunovelscollection.com

تھوڑی رکھتے ہوئے پوچھنے لگی تو عالیانہ

مسکرائی تھی ۔

میں کچھ نہیں پوچھنا چاہتی تم آرام سکون سے

وقت لے کر مجھے بتا دینا میں تمہارا جواب اس

www.urdunovelscollection.com

تک پہنچادوں گی وہ پیار سے اس کے گال

۔ کھینچتے ہوئے بولی

ہیں مطلب سب کچھ مجھ پر ڈیپینڈ کرتا ہے

میری ہاں ہو گی تو ہاں میری نہ ہو گی تو نہ !! وہ

www.urdunovelscollection.com

آنکھیں چمکا کر بولی تو عالیانہ نے مسکرا کر ہاں

میں سر ہلایا تھا ۔

بالکل اگر میری بہن کی مرضی ہو گی تو ہاں

اگر میری بہن کی مرضی نہیں ہو گی تو نہ

ویسے کیسا لگا تمہیں زریاب ۔۔۔؟ وہ اپنے

www.urdunovelscollection.com

کام میں مصروف سی اس سے پوچھنے لگی تھی

۔

اچھے نہیں بہت بہت زیادہ اچھے ہیں ایک دم

پرفیکٹ آپ کے ساتھ تو بہت زیادہ سوٹ

www.urdunovelscollection.com

کریں گے وہ۔۔۔۔۔۔؟ وہ فوراً اسے

۔ بتانے لگی تھی

اچھا جی تو میرے ساتھ اتنے سوٹ کریں

گے تو آپ مہارانی اتنے نخرے کیوں دکھا

رہی تھی ان کے سامنے۔۔۔؟ کہ ایک ہفتے

www.urdunovelscollection.com

کے بعد جواب دیا جائے گا۔۔۔؟وہ مسکرا کر

اس سے پوچھنے لگی تو وہ کھل کھلا کر ہنسی تھی

۔

ارے میری بھولی آپی آپ کو نہیں پتہ ان

لڑکوں کو نا کنٹرول میں رکھنا پڑتا ہے سر پر

www.urdunovelscollection.com

نہیں چڑھانا چاہیے ہم لڑکی والے ہیں یہ

سوچ کر وہ ہمیں نیچے نہ جھکانے کی کوشش

کریں ہم سر اٹھا کر جیئیں گے جب ہماری

مرضی ہو گی تب جواب دیں گے ارے

www.urdunovelscollection.com

میری آپی کوئی گری پڑی تھوڑی ہے جو فورا

ہاں کر دیں گے ہم سے

کم سے کم کوئی چار پانچ چکر تو لگانے پڑیں گے

ان صاحب کو پھر جا کر ہاں کروں گی۔ اتنی

جلدی ہاں کر دوں گی تو کیا سوچیں گے کہ

www.urdunovelscollection.com

میں اپنی بہن سے جان چھڑا رہی ہوں۔ وہ

کسی بڑی اماں کی طرح کہتی اسے کھل کر ہنسنے

پر مجبور کر گئی تھی۔

www.urdunovelscollection.com

اف لڑکی تم کیا کیا سوچتی رہتی ہو ہاں ٹھیک

ہے جب تمہاری مرضی ہوئی تب تم ہاں کر

دینا۔

اور مجھے ذرا یہ بتاؤ کہ یہ بس کب سے خراب

ہے اور ان لوگوں نے مجھے فون کر کے

www.urdunovelscollection.com

اطلاع کیوں نہیں کی؟ کہ بس کا کوئی مسئلہ

چل رہا ہے ۔

اس طرح کیسے وہ کالج سے کسی کو بھی گھر بھیج

سکتے ہیں یہ تو انتہائی غیر ذمہ دارانہ عمل تھا

۔میں خود ان کی کلاس لوں گی یہ کوئی طریقہ

www.urdunovelscollection.com

ہے۔میں تمہاری سیکیورٹی چار جز الگ سے

دیتی ہوں انہیں کوئی حق نہیں بنتا تھا اس

طرح تمہیں اکیلے بھیجنے کا وہ اچانک سے کچھ

یاد کر کے کہنے لگی تو سب پریشان ہو گئی تھی

ے

www.urdunovelscollection.com

ارے ارے آپی انہوں نے تو کہا تھا کہ وہ

الگ سے انتظام کروا دیں گے لیکن اس کے

لیے نا بہت وقت لگ جانا تھا بس اسی لیے

میری فرینڈ نے کہا کہ ہم دونوں ایک ساتھ

www.urdunovelscollection.com

چلتے ہیں وہ بھی تو یہی آتی ہے نا میرے ساتھ

۔ پچھلی سوسائٹی تک

بس اسی لیے میں نے سوچا اتنا انتظار کرنے

سے بہتر ہے کہ ہم گھر جائیں پیدل ہی اسی

لیے ہم ایک ساتھ آ گئی تھی اب اتنا زیادہ

www.urdunovelscollection.com

انتظار کون کرے! آپ کو تو پتہ ہے نا ہم سے

انتظار نہیں ہوتا وہ بہانے بناتے ہوئے سامنے

۔ پڑا کھیرا اٹھا کر چھیلنے لگی تھی

یہ بس کا سلسلہ کب تک ٹھیک ہو گا اگر کل

بھی بس ٹھیک نہیں ہوئی تو مجھے بتا دو میں

www.urdunovelscollection.com